# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 04 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۴/ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **مرکزی حکومت نے دیا مراٹھی کو اعلیٰ زبان کا درجہ ' ہر سال 3/ اکتوبر کو مراٹھی زبان دن منایا جائے گا وزیر اعلیٰ کا اعلان**

☆ **وزیر اعظم نریندر مودی کل ریاست کے دورے پر ' مرکز اور ریاستی حکومت کی کسان سنمان ندھی یوجنا کی اگلی قسط تقسیم کریں گے**

☆ **وزیر اعظم اِنٹرن شپ اسکیم کا آغاز ' اگلے 5/ برسوں میں ایک کروڑ نوجوانوں کو ملے گا سرکردہ کمپنیوں میں تربیت حاصل کرنے کا موقع**

☆ **ریاست میں شاردیہ نوراتر اُتسو کا آغاز**

**اور**

☆ **لڑکیوں کے T-20/ کرکٹ ورلڈ کپ کا آغاز ' آج بھارت اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے**

**اب خبریں تفصیل سے...**

مراٹھی زبان کو اعلیٰ زبان کا درجہ دے دیا گیا ہے۔ مرکزی کابینہ کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ مراٹھی کے علاوہ پالی ' پراکرُت ' آسامی اور بنگالی زبان کو بھی اعلیٰ زبان کا درجہ دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے ' نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نیز اجیت پوار نے مرکزی کابینہ کے اِس فیصلے کا استقبال کیا ہے۔ اِس موقعے پر وزیر اعلی نے ہر سال 3/ اکتوبر کو مراٹھی زبان کا دن منانے کا اعلان کیا۔

مراٹھی زبان کو اعلیٰ زبان کا درجہ ملنے پر ادبی حلقے میں خوشی کا اظہار کیا جار ہا ہے۔ اُدبا نے اس فیصلے کا استقبال کیا ہے۔ مراٹھی ادبی کانفرنس کے چیرمین کوتِک راوٗ ٹھالے پاٹل نے اِس فیصلے کا استقبال کرتے ہوئے اِس خصوص میں فوراً اقدام کرنے کا مطالبہ کیا۔

خیال رہے کہ مراٹھی زبان کو اعلیٰ زبان کا درجہ ملنے کے بعد زبان کی ترقی و ترویج میں سبھی سطحوں پر اقدام کیے جائیں گے۔ اِس کے لیے مرکزی حکومت کی جانب سے ہر سال 250 / سے 300 / کروڑ روپے کی امداد دی جائے گی۔ اِس کے علاوہ ملک بھر کی تمام یونیورسٹیوں میں مراٹھی زبان کے لیے خصوصی مراکز بھی قائم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

اِس کے علاوہ قومی خوردنی تیل مشن ' کھیتی باڑی کی حوصلہ افزائی کے لیے پی ایم قومی زرعی ترقیات منصوبہ اور ریلوے ملازمین کے لیے 2 / ہزار 29 / کروڑ روپے کا بونس وغیرہ فیصلوں کو بھی کل ہوئے مرکزی کابینی اجلاس میں منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی کل ریاست کے دورے پر آرہے ہیں۔ وزیر زراعت دھننجئے منڈے نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ وزیر اعظم واشم میں منعقدہ ایک پروگرام میں پی ایم کسان سنمان ندھی یوجنا اور نموکسان مہاسنمان ندھی یوجنا کے اگست اور نومبر 2024ء کی بالترتیب 18 / ویں اور 5 / ویں قسط تقسیم کریں گے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم اِنٹرن شپ اسکیم کا کل سے آغاز ہوا۔ یہ اسکیم تجرباتی طور پر شروع کی گئی ہے۔ اِس منصوبے کے لیے حکومت نے 800 / کروڑ روپے مختص کیے ہیں۔ خواہشمند امیدوار آئندہ 12 / سے 15 / تاریخ کے دوران pm internship . mca . gov . in اِس پورٹل پر اندراج کرواسکتے ہیں۔

خیال رہے کہ 21 / سے 24 / سال عمر کے نوجوان جو ملازمت نہ کرتے ہوں یا کُل وقتی تعلیمی کورس نہیں کر رہے ہوں وہ اِس کے اہل ہوں گے۔ اہل قرار پانے والے امیدواروں کو مرکزی حکومت کی جانب سے ہر ماہ ساڑھے چار ہزار روپے اور جس کمپنی میں وہ تربیت حاصل کر رہے ہیں اُس کمپنی کی جانب سے ہر ماہ 500 / روپے دیے جائیں گے۔

اگلے 5 / برسوں کے دوران ملک بھر کے ایک کروڑ نوجوانوں کو 500 / سرکردہ کمپنیوں میں اِنٹرشپ کا موقع دینے کے مقصد سے یہ یوجنا شروع کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ممبئی میونسپل کارپوریشن نے شیوسینا اُدھو باڑ اصاحیب ٹھاکرے گروپ کو دادر میں واقع شیواجی پارک میدان پر دسہراہ میلا لگانے کی اجازت دیدی ہے۔ یہ میلہ آئندہ 12 / تاریخ کے روز لگایا جائے گا۔ خیال رہے کہ اِس میلے کے لیے میونسپل کارپوریشن کو صرف ایک ہی درخواست موصول ہوئی تھی۔ جسے میونسپل کارپوریشن نے منظور کرلیا۔

دوسری جانب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی رہنمائی میں شیوسینا کا دسہرا میلہ واندرا کُرلا کامپلیکس میں ہوگا۔

***** ***** *****

شاردیہ نوراتر اُتسو کا کل سے آغاز ہوا۔ اِس موقعے پر ریاست کے منادر میں روایتی پوجا اور رسومات ادا کی گئیں۔

ہنگولی میں کل سے دسہرا مہواُتسو کا آغاز ہوا۔ یہ مہواُتسو گزشتہ 170 / برسوں سے جاری ہے۔ اِس خصوص میں عوامی دسہرا مہواُتسو کمیٹی کی جانب سے لگائی جانے والی صنعتی و زرعی نمائش کا افتتاح ضلع کلکٹر ابھینو گوئل کے ہاتھوں کیا گیا۔ اِس دسہرا میلے میں مختلف ثقافتی اور مذہبی پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا۔ ساتھ ہی مختلف کھیلوں کے مقابلے میں منعقد کیے جائیں گے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے ماہور میں واقع رینوکا دیوی مندر میں کل نوراتر اُتسو کی روایتی رسومات ادا کی گئی۔ اِس موقعے پر زیرمحصول رادھا کرشن وِکھے پاٹل سمیت سیکڑوں عقیدت مندوں نے درشن کیے۔ نوراتر اُتسو کے دوران عقیدت مندوں کی آمد و رفت کے لیے ایس ٹی کارپوریشن نے 110 / بسیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ساتھ ہی وہاں پر طبی خدمات کے لیے 3 / دستے بھی مقرر کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلعے کے تلجا پور میں واقع تلجا بھوانی مندر میں مندر کمیٹی سر براہ نیز ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومبا سے نے اپنی اہلیہ کے ساتھ نوراتر اُتسو کی روایتی رسومات ادا کی۔ اِس موقعے پر رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل سمیت سیکڑوں عقیدت مند بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

امبا جوگائی میں شری یوگیشوری دیوی کی پوجا کے بعد نوراتر اُتسو کا آغاز ہوا۔ بیڑ ضلع کلکٹر اویناش پاٹھک نے کل صبح اپنی اہلیہ کے ساتھ مہا پوجا کر کے نوراتر اُتسو کا آغاز کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے کرن پورا علاقے میں واقع تلجا بھوانی مندر میں اسمبلی میں حزب مخالف کے رہنما نیز مندر کے پجاری امباداس دانوے کے ہاتھوں خصوصی پوجا کر کے نوراتر اُتسو کا آغاز کیا گیا۔ اِس موقعے پر سیکڑوں عقیدت مند موجود تھے۔

***** ***** *****

لڑکیوں کا آئی سی سی T-20 ورلڈ کپ کل سے شارجا میں شروع ہوا۔ پہلے مقابلے میں بانگلہ دیش نے اسکاٹ لینڈ کی ٹیم کو 16 رنوں سے شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا۔کل ہی کھیلے گئے دوسرے مقابلے میں پاکستان نے شری لنکا کو 31 رنوں سے شکست دے کر جیت درج کی۔

بھارت کا پہلا مقابلہ آج نیوزی لینڈ کے ساتھ ہوگا۔ یہ مقابلہ دُبئی میں کھیلا جائے گا۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ مقابلہ شام ساڑھے 7 بجے شروع ہوگا۔خیال رہے کہ یہ ٹورنامنٹ آئندہ 20 تاریخ تک جاری رہے گا۔ اِس ٹورنامنٹ میں 10 کرکٹ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے سال 23 - 2022ء کا شیو چھترپتی ریاستی کھیل لائف ٹائم اچیف منٹ ایوارڈ بیڈمنٹن کھلاڑی اور کوچ پردیپ گندھے کو دینے کا اعلان کیا ہے۔ اِسی طرح کرکٹ میں بہترین کوچ نیز جی جاماتا پُرسکار کے لیے دنیش لاڈے کو چُنا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ پیرا شوٹنگ کے لیے سوما شِرور ، معذوروں کے Aquatics کے لیے راجارام گھاگ ، تیراندازی کے لیے شوبھانگی روکڈے ، جمناسٹک کے لیے پون بھوئر اور کبڈی کے لیے انیل گھاٹے کو مذکورہ ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی میں مختلف طبی جانچ کروا چکے 4/ ہزار بزرگ شہریان کو آج مختلف قسم کے 17/ ہزار معاون طبی ساز و سامان دیا جائے گا۔ پربھنی کے رکن اسمبلی راہل پاٹل نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ بزرگ شہریان میں یہ ساز و سامان مُفت تقسیم کیے جائیں گے۔ انھوں نے بتایا کہ ملک بھر میں یہ پہلا انتخابی حلقہ ہے جس میں سب سے زیادہ مستحقین کے لیے اِس منصوبے پر عمل آوری کی جارہی ہے۔ جناب راہل پاٹل نے بتایا کہ تقسیم کیے جانے والے ساز و سامان میں مختلف قسم کی چھڑیاں ' سماعت کے لیے کارآمد آلہ ' واکر ' نمبر کا چشمہ اور پہیوں والی کُرسی سمیت دیگر کئی آلات و ساز و سامان شامل ہیں۔

***** ***** *****

حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن میں چیرمین عہدے پر خدمات انجام دہی کے دوران خورد بُرد کرنے کے معاملے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے سابق کرکٹ کھلاڑی محمد اظہر الدین کو سمن جاری کیا ہے۔ حیدرآباد کے اُپل میں واقع راجیو گاندھی کرکٹ میدان کے لیے ڈیزل سے چلنے والا جنریٹر ' آگ پر قابو پانے کی مشنری اور دیگر سامان خریدنے میں 20/ کروڑ روپئے کے غبن معاملے میں یہ سمن جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **مرکزی حکومت نے دیا مراٹھی کو اعلیٰ زبان کا درجہ ' ہر سال 3/ اکتوبر کو مراٹھی زبان دن منایا جائے گا وزیر اعلیٰ کا اعلان**
- ☆ **وزیر اعظم نریندر مودی کل ریاست کے دورے پر ' مرکز اور ریاستی حکومت کی کسان سنمان ندھی یوجنا کی اگلی قسط تقسیم کریں گے**
- ☆ **ریاست میں شاردیہ نوراتر اُتسو کا آغاز**

**اور**

- ☆ **لڑکیوں کے T-20/ کرکٹ ورلڈ کپ کا آغاز ' آج بھارت اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆